# ۳۔ گیت

## ۳۔۱ بڑبڑ گیت

### جانور-پرندے



کسی جگہ اک چوہا اور بلّی
دونوں میں ہوگئی دوستی پکّی
اک دن ، یوں ہی اپنے گھر سے
چوہے ماموں گھومنے نکلے
لوٹ کے جب وہ گھر کو آئے
تازہ تازہ پھل لے آئے
یہ دیکھ کے پھر بی چڑیا آئیں
اور گلہری خالہ کو ساتھ لائیں
پل بھر میں پھر محفل جم گئی
دیکھ کے اتنے سارے پھل
سب کی طبیعت جیسے رم گئی
پھر سب تربوز کھانے بیٹھے
پھل کھائے خوب مزے اُڑائے
ہنسی خوشی پھر یہ سب مہمان
اپنے اپنے گھر لوٹ آئے









♦ بڑبڑ گیت ترنم کے ساتھ گانے کے لیے کہیں۔

## ۳ء۲ اجتماعی گیت

آ ؤ آ ؤ درخت لگائیں
ماحول اپنا صاف بنائیں
پھول اُگائیں باغ لگائیں
صفائی کا پیغام سنائیں
ماحول اپنا صاف بنائیں

گیلا کچرا الگ رکھیں ہم
سوکھا کچرا الگ کریں ہم
اِدھر اُدھر نہ کچرا پھینکیں
کوڑے دان میں کچرا پھینکیں
ماحول اپنا صاف بنائیں

آ ؤ آ ؤ درخت لگائیں
اور انھیں پھر پانی پلائیں
پانی پلا کر پروان چڑھائیں
گھر گھر میں اک باغ لگائیں
درخت لگائیں ماحول سجائیں
ماحول اپنا صاف بنائیں






♦ اجتماعی گیت ترنم سے گانے کے لیے کہیں۔

۱

سا رے گَ مَ پَ دَھ نی سا

ساں نی دَھ پَ مَ گَ رے سا

۲

سا سا رے رے گَ گَ مَ مَ پَ پَ دَھ دَھ نی نی ساں ساں

ساں ساں نی نی دَھ دَھ پَ پَ مَ مَ گَ گَ رے رے سا سا



X32MSL

♦ سُروں کو لَے اور تال میں گانے کے لیے کہیں۔